RAMPUR GAZETTE

# رامپور گزٹ

## بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۴۴ | روز دوشنبہ تاریخ ۳ نومبر ۱۸۹۰ء مطابق ۱۹ ربیع الاول ۱۳۰۸ھ | جلد ۲

فہرست مضامین

## احکام وائس پریزیڈنٹ کونسل

بمقدمہ درگاداس مدعی بنام فضل حق ہیڈ کانسٹبل کوتوالی علت رشوت ستانی حسب تجویز عدالت فوجداری فضل حق مدعا علیہ تین ماہ قید سخت کا سزایاب ہوا اسکا نام زمرۂ ملازمان سے خارج ہوا اور یہ تجویز درج گزٹ ہو۔

## احکام جوڈیشل ممبر کونسل

### اضافہ

۲۵ اکتوبر سنہ ۱۸۹۰ء ۔ تکیت رامی محافظ دفتر عدالت دیوانی کا دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا۔ اب اوسکو چودہ روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی۔

۲۵ اکتوبر سنہ ۱۸۹۰ء ۔ رگھوناتھ پرشاد محافظ دفتر عدالت فوجداری کا دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا۔ اب اسکو چودہ روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی۔

## احکام ریونیو ممبر کونسل

### رخصت

۲۵ اکتوبر سنہ ۱۸۹۰ء ۔ مولوی اشفاق علی پیشکار اجلاس کی رخصت ایک ہفتہ بوجہ علالت والدہ مشار الیہ بیافت تنخواہ منظور ہوئی۔

### اضافہ

۲۷ اکتوبر سنہ ۱۸۹۰ء ۔ عبد الرحیم محرر سررشتہ آؤٹ کا یکم اکتوبر سنہ ۱۸۹۰ء سے دو روپیہ ماہوار اضافہ ہوا۔

۲۸ اکتوبر سنہ ۱۸۹۰ء ۔ مبارک علی اہلمد سررشتہ آؤٹ کا یکم نومبر سنہ ۱۸۹۰ء سے دو روپیہ ماہوار اضافہ ہوا۔

## روبکار اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

واقع ۲۵ اکتوبر سنہ ۱۸۹۰ء

آج سپرنٹنڈنٹ پولیس نے ایک مقدمہ وقوعی موضع نگبنان علاقہ [illegible] پیش کیا جسکو انسپکٹر پولیس بعد انکشاف حقیقت واسطے تفتیش مزید و برآمدگی مال تفضل حسین خان تہانہ دار ٹانڈہ کے سپرد کر آئے تھے۔ یہ مقدمہ محض تہانہ دار کی حماقت سے ایسا خراب ہوگیا کہ اب کوئی امید اوسکی کامیابی کی نہین ہے اور دو اصل مجرم نقص تحقیقات کیوجہ سے رہائی پاگئے تہانہ دار کا یہ خیال کہ تحصیلدار ٹانڈہ نے اشتعال کرکے ملزم کی شکایت کرائی بالکل غلط ہے کیونکہ تہانہ دار کی کارروائی قبل از پہونچنے انسپکٹر پولیس اور نیز بعد واپسی انسپکٹر بہت مشتبہ ہے۔ لہذا۔

حکم ہوا کہ

سپرنٹنڈنٹ پولیس ایک یادداشت باظہار ناخوشی تفضل حسین خان تہانہ دار کی سروس بک مین درج کرین اور آیندہ کے لئے مناسب ہے کہ سنگین مقدمات مین اس تہانہ کے بابت بمقابلہ دیگر تہانجات کے زیادہ نگرانی رکہین اور اوسکی رسے اور ہمت پر نہ چھوڑ دین اور اس تہانہ کے محرران پر بہی زیادہ تاکید کیجاوے کہ تکمیل ضابطہ مین وہ کوتاہی نکرین۔

روبکار ہذا درج گزٹ ہو۔ [illegible] [illegible]

## روبکار اجلاس ایضاً واقعہ ۲۵ اکتوبر سنہ ۱۸۹۰ء

سپرنٹنڈنٹ پولیس احکامات ذیل کی تعمیل کراویں۔

۱- پولیس سٹیشنوں میں جب صاحب مفتی فوجداری یا کسی اور حاکم کے اجلاس سے کوئی حکم پہونچے اور وہ کسی ماتحت کو حوالہ کیا جاوے تعمیل کیواسطے تو افسر انچارج کو اوس کاغذ کی پشت پر ایک نوٹ لکھنا چاہئے جس سے ظاہر ہو کہ وہ کاغذ کس تاریخ کس وقت کس شخص کے حوالہ کیا گیا اور جب بعد تعمیل واپس دیا جاوے اور اوسمیں کوئی نقص ہو تو اوسکو بھی ایک نوٹ کے ذریعہ سے اوسی کاغذ کی پشت پر افسر انچارج کو ظاہر کرنا چاہئے اور اگر ایسا نوٹ تحریر نہو گا تو افسر انچارج بھی ذمہ دار ہوگا۔

۲- سنہ [illegible] کی بابت فہرست مفروران تیار ہوگی اوسکی فہرست تہانہ وار گزٹ میں چہاپ دیجاوے اور ایک ایک فہرست تہانہ جات میں بہیجی جاوے تاکہ وہ تختے پر آویزان رہے اور ہمیشہ اونکی تلاش پیش نظر رہے آخر سال پر تہانہ داران کی تلاش کا نتیجہ دیکہا جاویگا

۳- آخر دسمبر تک تہانہ دار اور ہیڈ کانسٹبلان کے سروس بک درست کر دیجاویں اور اس سال میں جو جو عمدہ ان لوگوں نے کارروائیاں کی ہیں اوسکی ایک ایک فہرست تہانہ داران سے طلب کیجاوے اور بعد جانچ کے درج سروس بک کیجاویں۔

۴- اکثر عرائض جرائم غیر دست اندازی پولیس و نیز کاغذ متفرق عدالت سے اور نیز تحصیلات سے براہ راست پہونچتا ہے جو پولیس سے تعلق نہیں رکہتا اور اوسکی وجہ سے پولیس کے اصلی کام میں نقص پڑتا ہے لہذا ہر ایک تہانہ سے ماہوار ایک ایک فہرست طلب کیجاوے ایسے احکام اور عرائض جنکا اوپر ذکر لکہا گیا اور ایک فہرست تہانہ وار

کورٹ انسپکٹر بھی بنادیں۔ روبکار درج گزٹ ہو۔

## منتخب روبکار اجلاس ایضاً واقعہ ۲۸ اکتوبر سنہ ۱۸۹۰ء

میلہ بے نظیر قریب ہے اور منظور یہ ہے کہ انتظام طعام مہمانان ہندوستان سپرد نواب کلب کے کیا جاوے اور دو وقتہ وہ لوگ کلب میں کہانا کہایا کریں تاکہ اونکو پوری آسایش رہے۔ اس بارہ میں ممبران نواب کلب سے گفتگو ہوئی وہ اسکے انتظام پر آمادہ ہیں لہذا حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے

۱- تمام ہندو و مسلمان مہمانوں کے کہانیکی بابت کوئی ممبر حسب ارشاد کمیٹی ارڈر میں کلب کہانے کا انتظام کریگا۔

۲- تمام مسلمان مہمان کلب میں اگر دو وقتہ کہانا کہاینگے کسی مسلمان مہمان کے ڈیرہ پر کہانا نہ بہیجا جاویگا۔

۳- ہندو مہمانوں میں اکثر ایسے ہونگے جو کلب میں کہانا کہانا نہ چاہینگے اکثر اپنے اپنے ڈیرہ پر کہانا کہاینگے اونکیواسطے کسی ممبر صاحب کونسل کا رقعہ ہوگا کہ فلان فلان جنس اسقدر وزن کی فلان مہمان کو بہیجی جاوے اوسی مطابق وہان کلب سے جنس بہیجدیجاوے اور علاوہ اوسکے قیمت فی کس یومیہ [illegible] کلب کو مجرا ملیگی۔

۴- مسلمان مہمانوں کے کہانیکی تفصیل روبکار میں درج ہے اوسکی بابت فی کس تین روپیہ یومیہ کلب کو دیجاویگی اور اس فیس میں ایک ملازم بھی شریک ہے اگر ایک سے زیادہ ملازم کسی مہمان کے ہمراہ ہوگا تو اوسکی فیس علیحدہ دیجاویگی۔

حکم ہوا کہ

بعد منتخب روبکار درج گزٹ کیا جاوے۔

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۸ اکتوبر سنہ ۱۸۶۰ء

چونکہ میلہ بے نظیر قریب ہے اور اوسمین مستاجران و بیوپاریان عام طور پر شریک ہونگے اوسوقت نیلام مستاجری کیا جاوے تو زیادہ نفع ہوگا اور ہر شخص کو نیلام مین بولی بولنے کا موقع ملیگا

حکم ہوا کہ

یہ نوٹ ... مین صاحب ریونیو ممبر بہادر کے مرسل ہو کر فیصلہ کیا جاوے کہ میلہ بے نظیر مین کونسی تاریخ نیلام دیہات مستاجری کی مقرر فرمادین اور فہرست دیہ دار مرتب کر کے بکار سالہائے صدر و سرشتہ دار صدر کو حکم دیدین۔ نقشہ جات دو سالہ مرتب کرادیے جاوین تعین تاریخ کا اعلان گزٹ مین بھی شائع کرادیا جاوے۔

۱۰ دسمبر یوم چہارشنبہ مقرر ہووے سرشتہ دار صدر حسب احکام جاری کرادین اور ایک اشتہار مختصر ہر ہفتہ گزٹ مین تا سلسلہ درج ہوتا ہے ابھی سے۔ ۲۹۔ اکتوبر سنہ ۱۸۶۰ء

منتخب روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۹ اکتوبر سنہ ۱۸۶۰ء

آج سپرنٹنڈنٹ پولس نے امیدواران ذیل کو پیش کیا۔ جنکا حسب قاعدہ تقرر پہلے سہ ماہ امتحاناً پولس مین کیا جاتا ہے اسکے بعد جب سپرنٹنڈنٹ پولیس رپورٹ کرینگے تب انتظام مستقلی کا ہوسکتا ہے۔

۱۔ مسعود خان ولد داود خان۔ دس روپیہ کی جگہ دیجاوے

۲۔ باقر علی ولد امان علی۔ آٹھ روپیہ کی جگہ دیجاوے

۳۔ رام ادھو ولد گوربخش۔ آٹھ روپیہ کی جگہ دیجاوے

۴۔ کفایت اللہ خان ولد فتح اللہ خان سابق جمعدار فوجداری مین باہر سید تحقیقاتی دس روپیہ ماہیانہ پر مقرر ہو۔

۵۔ بھگوان داس ولد نبی و ہر ساکن شاہ آباد پانچروپیہ ددو سرے حیثیت سے پاتا ہے علاوہ اوسکے دو روپیہ صیغہ پولیس سے دیا جاوے کوتوالی شہر مین تعینات ہو۔

۶۔ نثار علی ولد عنایت علی خان عدالت فوجداری سے تخفیف مین آیا ہے آٹھ روپیہ کی جگہ دیجاوے۔

۷۔ اشرفی لعل ولد پربھو لعل چھ روپیہ کی محرری دیجاوے

۸۔ سید محمد ولد سید عباس۔ کانسٹبل خواندہ بمشاہرہ پانچروپیہ مقرر ہو

۹۔ محمد صدیق ولد محمد عمر۔ سید کانسٹبل دس روپیہ ماہوار مقرر ہو

۱۰۔ پیارے لعل ولد ہیرا لعل۔ بمشاہرہ چھ روپیہ مددگار مقرر ہو۔

۱۱۔ غلام ربانی ولد غلام جیلانی۔ بمشاہرہ چھ روپیہ ماہوار مقرر کیا جاوے۔

حکم ہوا کہ

یہ انتخاب بواسطہ اشاعت گزٹ پاس منصرم مطبع سرکاری بھیجا جاوے

## روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۹ اکتوبر سنہ ۱۹۰۰ء

ریاست رامپور مین صیغہ مصرف خیر قدیم سے جاری ہے اور اوس سے شرفا و نجبا کی جو بحالت افلاس مبتلا ہین باوقات ضرورت شادی دختران وغیرہ کیواسطے اعانت کیجاتی ہے اب تک اعانت کے بابت یہہ طریقہ جاری تہا کہ جب کسی سائل کی عرضی گذرتی تہی سپرنٹنڈنٹ کارخانجات یا صاحبزادہ میانجانخان بہادر سے کیفیت صحت معروضہ سائل طلب ہونیکے بعد ہمارے اجلاس سے حکم ہوا کرتا تھا گذشتہ سال مین جو عرضیان گذرین اونکی بابت بہی یہی عمل ہوا اگرچہ طریقہ پورے اطمینان کے قابل نہین ہے اور شخص واحد کی تحقیقات ممکن ہے کہ بعض اوقات صحیح اور مطابق واقع نہو اور ایسے اشخاص جو مستطیع یا قابل اعانت نہون اونکی اعانت ہوجاوے لہذا بعد غور اس بارہ مین حسب ذیل تجویز کیجاتی ہے

۱ - واسطے تحقیقات ایسے عرائض سائلان کے جو بابت اعانت شادی دختران ناکتخدا پیش ہون یکم نومبر سنہ ۱۹۰۰ء سے ایک کمیٹی مقرر کیجاوے جسکے ممبران صاحبان مفصلہ تحت ہونگے

| | |
|---|---|
| مولوی ارشاد حسین صاحب | میان محمد شاہ صاحب محدث |
| میان محمد معصوم صاحب | مولوی محمد لطف اللہ صاحب مفتی مرافعہ |
| مولوی عبد القادر خانصاحب مفتی دیوانی | مولوی امداد حسین صاحب منصرم مزار خلد آشیان |
| میان محمد عاشق صاحب | مولوی شمس الاسلام صاحب |
| مولوی محمد ظہور الحق صاحب حاکم خفیفہ | سید بشیر الدین صاحب |
| میر واسطے صاحب | صاحبزادہ علی مظفر خانصاحب |
| مولوی نثار علی صاحب | احمد علیخان صاحب تاجر |
| سعد اللہ خانصاحب تاجر | حکیم عبد الرزاق خانصاحب |
| محمد حسن خانصاحب مہتمم سکینہ | عبد الصمد خان عرف بچا خان |
| صاحبزادہ میانجانخانصاحب | |

۲ - صاحبزادہ میانجانخان اس کمیٹی کے سکرٹری ہونگے اور تمام عرائض سائلان اونکے پاس گذرا کرینگی یا بہیجی جایا کرینگی وہ اون عرائض کو ممبران کمیٹی کے روبرو پیش کرکے اونکی راے دریافت کیا کرینگے —

۳ - کم از کم پانچ ممبرونکا اجلاس کمیٹی کا اجلاس ہوگا اور ہر معاملہ کا تصفیہ کثرت راے شرکا کمیٹی پر کیا جاوے گا جسمین سکرٹری کمیٹی بہی شامل ہونگے —

۴ - کمیٹی کا اجلاس ہفتہ مین ایکبار جامع مسجد مین ہوا کریگا جسکے وقت کا تعین کرکے صاحبزادہ میانجانخان بہادر وقتاً فوقتاً ممبر صاحبان کو اطلاع دیا کرینگے —

۵ - گذشتہ سال مین جو رقوم اعانت شادی سائلان کو دیگئی وہ قریب [illegible] کے ہے اس سال مین تین ہزار روپیہ کی رقم واسطے اعانت شادی دختران غربا کے مصرف خیر سے دیجاویگی اور ڈہائی سو روپیہ ماہوار کے حساب سے یہ رقم صاحبزادہ میانجانخان بہادر کو علی الحساب دیجایا کریگی ماہوار رقم ملیگی وہ اونکو دیجاویگی جب وہ اوسکو حسب تجویز ممبران کمیٹی تقسیم کرکے اوسکا حساب داخل کردینگے تو دوسرے مہینہ کے صرف کیواسطے رقم دیجاویگی اور علی ہذا اسیطرح آیندہ عمل ہوا کریگا

۶ - چونکہ ممبر صاحبان منتخبہ مختلف مقامات و محلہ کے رہنے والے ہین اونسے امید ہے کہ حالت افلاس و بے استطاعتی سائلان

مختلف شہر رہینگی اور جس محلے کے رہنے والے کی عرضی ہوگی حتی الوسع
اوسی محلہ کے رہنے والے ممبر سے تحقیق کیجاوے تاکہ وہ نسبت
حالت افلاس و بے استطاعتی سائل کی بحالت ضرورت تحقیق
دریافت کرلیں اس لئی کہ انعقاد کمیٹی سے صرف مقصود یہ ہے
کہ مستحقین کی اعانت کیجاوے نہ تمیز ذی حقوق کی —

۷ — جو رقم کثرت راے شرکا سے کسی سائل کیواسطے تجویز ہوگی
وہ سکرٹری زرجمعہ سے جو اونکے پاس ہوگا ادا کرینگے اور
رسید بایندہ جسپر سکرٹری اور دو ممبران موجودہ کے دستخط
تصدیق ثبت ہونگے سکرٹری حاصل کرینگے اور اونکو شامل
حساب ختم ماہ پر سکرٹری پیش کیا کرینگے — او سوقت مجرائی
صاحب والتش پریزیڈنٹ بہادر کے اجلاس سے رقم
ماہ مختتمہ کے ہوا کریگی —

۸ — سید زین العابدینخان منصرم اوقاف تمام حساب کی
ترتیب کے ذمہ دار ہونگے اور زیر نگرانی صاحبزادہ میانجانخان بہادر
وہ اس خدمت کو انجام دینے کے ذمہ دار ہونگے —

۹ — ختم سال پر سکرٹری کمیٹی ایک مفصل رپورٹ پیش کیا کرینگے
کہ سال مختتمہ مین کسقدر روپیہ کسقدر مساکین کو تقسیم کیا گیا —

حکم ہوا کہ

ایک نقل اس روبکار کی بغرض تعمیل و دینے ڈہائی سو روپیہ ماہوار
یکماہہ پاس دیوان صدر مرسل ہوا و ایک نقل پاس صاحبزادہ
میانجانخان بہادر کے بھیجی جاوے و ممبر صاحبان منتخبہ کی
اطلاعیابی کراکر یکم نومبر ۱۸۹۰ء سے کام شروع کریں اور عرضیان
اونکے پاس جمع ہوں اونکو بعد انعقاد اسے کمیٹی طے کریں اور

ایک نقل اس روبکار کی اطلاعاً درج گزٹ ریاست کیجاوے
کاغذات مرتبہ صاحبزادہ میانجانخان بہادر اس روبکار کے
شامل رہیں —

دستخط صاحب پریزیڈنٹ بہادر

## روبکار اجلاس ایضاً — واقع ۲۹ اکتوبر ۱۸۹۰ء

ابتک رنگروٹان کی تنخواہ عـہ ہے — رپوٹ کمانڈنگ معروضہ
۲۹ اکتوبر ۱۸۹۰ء سے واضح ہوا اور نیز ملاحظہ ہوا ہو کہ وہ لوگ
اب محنت کرتے ہین اسکول مین ہی ہوشیار ہین لہذا اب اونکی
تنخواہ حسب ذیل مقرر کیجاتی ہو آیندہ جو رنگروٹ بھرتی ہواکرینگے
اونکو بھی تنخواہ حسب ذیل ملا کریگی —

۱ — رنگروٹان اسکوڈرن باڈیگارڈ منجملہ رنگروٹان موجودہ یا جو
آیندہ بھرتی ہوں عـہ —

۲ — رنگروٹان اسکوڈرن رجمنٹ منجملہ رنگروٹان موجودہ یا جو آیندہ
بھرتی ہوں عـہ —

یہہ رنگروٹ جب اسکول مین پاس حاصل کرلیا کرین اور سوقت
کمانڈنگ رپورٹ دین تب فی کس دو روپیہ اور اضافہ ہوکر
اسکوڈرن باڈیگارڈ کے عـہ اور اسکوڈرن رجمنٹ کے عـہ
تنخواہ مقرر کردی جایا کریگی — لہذا —

حکم ہوا کہ

ایک نقل خیلی کو براے اجراے احکام مرسل ہو
اور نقل براے اشاعت گزٹ پاس سررشتہ دار صدر بھیجی جاوے

دستخط صاحب پریزیڈنٹ بہادر

## روبکار اجلاس نواب جوڈیشل ممبر بہادر

### واقع ۴ ار اکتوبر سنہ ۱۸۹ع

گذشتہ سال حسابی مین ہمکو تجربہ ہوا کہ سال کا خرچ سال ہی مین مجرا کرلینے کے واسطے جو حکم عام اور قاعدہ قدیمی اور اوسکی تعمیل کارخانون اور سررشتون کے افسر ایسے ضعف رفتار سے کرتے ہین کہ حکم اور قاعدے کا فائدہ پورا نہین ہونے پاتا مزید تاکید ہونے پر بھی بعض بعض کارخانون کے جمع خرچ آخر روز سال حسابی گذشتہ بلکہ اول روز سال حال تک (جو ایک خاص رعایتی مہلت تھی) داخل نہوئے ایسی ناپسندیدہ کارروائی نہ صرف افسوس بلکہ بتقید تمام انسداد کے لائق ہی لہذا —

حکم ہوا کہ

گذشتہ کارروائی پر اظہار ناخوشی ہوکر آیندہ کے لیے عام ہدایت کیجاے کہ اگست تک تمام کارخانون اور سررشتون سے ہر ماہ گذشتہ کی کل مجرائی طلب کا غذات موجودہ مہینے کی پانچوین اور ستمبر کی بابت (جو سال حسابی کا آخر مہینہ ہی) ستمبر ہی کی بیسوین تاریخ تک اجلاس مین بھیجدیا کرین سے آیندہ پورے طور پر تعمیل نہونا مستلزم مواخذہ و تدارک ہوگا - نقل اس روبکار کی بغرض عام اطلاع درج گزٹ کیجاے اور احتیاطاً معمولی اطلاعین دیگر اطلاع یا بیان بھی حاصل کرلیجائین -

## روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر کونسل تنفیذی ریاست رامپور

### واقع ۲۵ ار اکتوبر سنہ ۱۸۹ع

انور علیخان نائب تحصیلدار نے ایک کاغذ جاری حکمی ملاحظہ کرایا جسمین خاص بنام انور علیخان واسطے تحقیقات کے ہدایت تھی یہ کاغذ ایک ہفتہ کے بعد تحصیلدار نے ایک دوسرا حکم اپنا لکھکر اونکے پاس بھیجا یا اونکو حوالہ کیا ایسی توقف سے سراسر سرکاری کام مین دیر ہوتی ہی جب کوئی حکم انور علیخان کے نام بالفاظ صریح اس اجلاس سے یا کسی دوسرے اجلاس سے جاری ہوتا ہی تو بغیر کسی توسط کے وہ فوراً انور علیخان کو دینا چاہیئے کئی روز ہوے ہمنے ایک حکم دیا تھا کہ ایک گوشوارہ باقیات احکام زیر تعمیل تحصیل حضور کا طیار کرکے خود نائب تحصیلدار لاوین وہ بھی حکم انور علیخان تک نہ پونچایا گیا تحصیلدار صاحب ہم ان امور پر توجہ دلاتے ہین اور چاہتے ہین کہ آیندہ خلاف مرضی ہمارے کام نہووے -

حکم ہوا کہ

نقل اس روبکار کی پاس تحصیلدار و نائب تحصیلدار کے مرسل ہووے اور درج گزٹ ہووے -

## روبکار اجلاس ایضاً۔ واقع ۲۵ ماہ اکتوبر ۱۹۰۰ء

پرسون مہارث صاحب بہادر ۔ چودہری صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر
موجودگی مہارنی وصاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر و سید مہر بالغلی
و صدر قانونگوی تشریف لائے اور امور ذیل طے ہوئے۔

(۱) پٹواریان کی تعداد اب مدرسہ سکول مین بالاتفاق ۲۵ ہے منجملہ
اونکے امانتاً ۱۳ قابل کام پیمائش کے ہین اور ۹ ایسے ہین
جنکی نسبت امید ہے کہ بہت جلد سیکھ جاوینگے لیکن ۳ پٹواری
محض نو آموز ہین اور صاحب مسرودیر اونکو اپنی محکمہ مین رکھنا
نہین چاہتے لہذا سید مہربان علی کو حکم دیا گیا کہ ان ۳ پٹواریان کو
مدرسہ پٹواریان واقعہ رامپور مین بھرتی کرکے رسید مدرس کی
پیش کرین۔

(۲) معرفت سررشتہ دار صدر کے ایک نقل چھاپہ دستور العمل
متعلقہ بخشیگری مہارث صاحب بہادر کے دفتر مین بھیجدی جاوے۔

(۳) جو پچھلا روپیہ وضعات کا بابت ماہ اکتوبر صاحب پریذیڈنٹ
بہادر کے پاس ہے اوسکو صاحب ممدوح واپس جمع فرماوینگے
اور وہ امانت مین رکھا جاویگا اول اوس سے تنخواہ پیادگان وغیرہ
ہمراہی میر مہربالغلی ادا ہوگی جب وہ خرچ ہو جاویگا تب شمول
بل پٹواریان داخل پیمائش کر یہ تنخواہ پیادگان وضعات کی رقم
مجرا ہوا کریگی۔

(۴) صدر قانونگوی مہارث صاحب بہادر کے دفتر مین جاکر سفر نامہ
قبض الوصول و برآورد گذشتہ کا کر لینگے۔

حکم ہوا کہ

نقول روبکار ہذا بخدمت مہارث صاحب بہادر و دیوان صدر
و صدر قانونگوی مرسل ہوں اور روبکار گزٹ مین شائع ہو۔

دستخط

## روبکار اجلاس ایضاً۔ واقع ۲۶ ماہ اکتوبر ۱۹۰۰ء

خزانہ کلان مین کرنسی نوٹ بہ تعداد ۔ لاکھ ۔ ہزار موجود
وہ آج کے روز نکل کر حوالہ دیوان صدر وخزانچی کے کئے گئے اور ضلع
نینی تال کا آمدہ موجود ہے اس سبب کے پرامیسری نوٹ خرید ہونگے معرفت
بنک بنگال کے ایک نوٹ موسومہ نواب محمد حامد علیخان بہادر دام اقبالہم
و ملکہم ۔ لک کا ہوگا اور خزانہ مراد آباد کے اور دوسرا نوٹ
موسومہ حضور ممدوح بتعداد ۔ ہزار ہوگا اور خزانہ بریلی کے
چونکہ آج کل بہاؤ نوٹ کا گران ہے لہذا ضرور ہے کہ کچھ تعداد مطلوبہ سے
زائد روپیہ جمع کیا جاوے جو کہ منافع ریاست شاہی کا ایک ماہ
خزانہ مراد آباد سے وصول ہوگا لہذا وہ روپیہ دیوان صدر بدستور
خزانہ مراد آباد مین واسطے بنک بنگال کے امانت کرادین جسقدر
بعد منہائی انکم ٹیکس کے واجب ہو وہ باقی روپیہ و کرنسی نوٹ بہانے
بھیجوادین کل ۔ لک ۔ ہزار بنک بنگال کے حق مین خزانہ
مراد آباد مین جمع ہو جاوے اور بروقت خرید ہونے نوٹ کے حساب طے
ہو جاویگا۔ دیوان صدر بروقت وصول منافع اور جمع ہو جانے روپیہ کے
رسیدات و رپورٹ تعمیل پیش کرین۔ خزانہ سے رسیدات و قطعہ
طلب کیجاوین ایک مہاری دفتر کیلئے دوسری واسطے بھیجنے بنک بنگال کے
امید ہے مہاراجہ شاد سے چٹھی و رسیدات حصول منافع جلد مرتب ہو جاوینگی
آج اور کل مین مرتب ہو جاوے اور جب روپیہ جمع ہو چکے تب بنک بنگال کو
نام ایک مفصل چٹھی لکھنی ہوگی۔

حکم ہوا کہ

دیوان صدر اور خزانچی مطابق اسکے تعمیل کرین۔ روبکار ہذا مسل بنائی جاوے اور نقل گزٹ مین شائع ہو سررشتہ دار صدر بوقت ایک نقل روبکار پاس دیوان صدر کے بھیجدین۔

## روبکار اجلاس ایضاً۔ واقع ۲۸ اکتوبر ۱۸۹۰ء

بوصول روبکار اجلاسی صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر تجویز ہوا کہ اونکی مشاہرہ دار ماہوار پاتے ہین جنکو بصلۂ خدمات پنشن دی گئی یا جنگی سورشون کے خدمات کے عوض مین اونکی بیوگان کی پنشن مقرر کی گئی بوجہ عدم گنجایش بحث صیغۂ پنشن کے ماہ ستمبر ۱۸۹۰ء تک کی تنخواہ اونکو صرف خیر سے دلادی گئی یکم اکتوبر ۱۸۹۰ء سے یہ اشخاص قابل شمول پنشن داران ہین چنانچہ حکم بنا بر عمل درآمد بنام اہلکار ... جاری ہوا حکم ہوا کہ درج گزٹ ہو۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سید علیخان جمعدار سواران | محمود علیخان نابالغ نبیرۂ گلنخان جمعدار سواران | مبارکشاہ کوتہ جمعدار سواران | منور خان سوار |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |

| | | | |
|---|---|---|---|
| بیوۂ خانبہادر خان دفعدار سواران | بیوۂ بختاور سنگھ دفعدار سواران | بیوۂ موتی سنگھ سوار | بیوۂ شیخ عظیم اللہ سوار |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |

## روبکار اجلاس ایضاً۔ واقع ۲۸ اکتوبر ۱۸۹۰ء

معلوم ہوا کہ بعض رقوم قلیل کا تحصیلات مین داخلہ نہین دیا جاتا مثل قیمت شجار وغیرہ جو بذریعہ نیلام داخل ہوتی ہے۔ حسب الحکم صدر مین یہ دستور مروج ہے کہ اگر کوئی ایک پائی بھی جمع کرتا ہے تو فوراً داخلہ ملتا ہے کوئی وجہ نہین ہے کہ تحصیلات مین یہ دستور بجنسہ جاری نہووے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا واسطے ہدایت تحصیلداران صاحبان و دیوان صدر و صاحب افسر آڈٹ و جملہ عہدہ داران متعلق گزٹ مین طبع ہو۔

## حسب الحکم صاحب یونیو ممبر بہادر
## اعلان

مسلۂ بے نظیر مین ۱۰ دسمبر ۱۸۹۰ء روز چہارشنبہ کو نیلام مستاجری دہات ہوگا۔ لازم ہے کہ خریداران جمع ہوں اور بولی بولین۔

المشتہر حسب الحکم
محمد احمد سررشتہ دار صدر
مرقوم ۲۹ اکتوبر ۱۸۹۰ء

## نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائی ۲۷ اکتوبر لغایت ۲ نومبر سنہ ۱۸۹۰ء

| نام تعلقات | پیدائش مرد ہنود | پیدائش مرد اہل اسلام | پیدائش عورت ہنود | پیدائش عورت اہل اسلام | میزان پیدائش | اموات ہنود | اموات اہل اسلام | تفصیل فوتی ۱ تا ۵ ہنود | ۱ تا ۵ اہل اسلام | ۶ تا ۱۲ ہنود | ۶ تا ۱۲ اہل اسلام | ۱۲ سے زیادہ ہنود | ۱۲ سے زیادہ اہل اسلام | میزان کل فوتی ہنود | میزان کل فوتی اہل اسلام | تفصیل ... ہنود | تفصیل ... اہل اسلام | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شہر رامپور | ۱ | ۱۱ | ۳ | ۱۰ | ۲۵ | ۱۴ | ۲۱ | ۶ | ۶ | ۰ | ۰ | ۲ | ۸ | ۰ | ۱۴ | ۱ | ۲۱ | ۰ |
| شاہ آباد | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | تحصیل سے نقشہ نہیں آیا۔ |
| ملک | ۹ | ۱ | ۱۰ | ۱ | ۲۱ | ۱۹ | ۲ | ۲ | ۰ | ۱ | ۰ | ۲ | ۱ | ۵ | ۱ | ۲ | ۲ | ۰ |
| سوار | ۱۲ | ۱۰ | ۸ | ۱۱ | ۴۱ | ۲۰ | ۲۱ | ۸ | ۶ | ۹ | ۴ | ۲ | ۵ | ۱۹ | ۱۵ | ۱۴ | ۱۴ | ۰ |
| بلاسپور | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | تحصیل سے نقشہ نہیں آیا۔ |
| ٹانڈہ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ایضاً |
| میزان | ۲۲ | ۲۲ | ۲۱ | ۲۲ | ۸۷ | ۴۳ | ۴۳ | ۱۶ | ۱۲ | ۱۰ | ۴ | ۹ | ۱۳ | ۳۲ | ۳۰ | ۲۲ | ۴۰ | ۰ |

## نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۲۷ اکتوبر لغایت ۲ نومبر سنہ ۱۸۹۰ء

| نام جنس | شہر رامپور | شاہ آباد | ملک | سوار | بلاسپور | ٹانڈہ | | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گندم | ۱۲ سیر | ۰ | ۱۲ سیر | ۱۱۰۱ سیر | ۱۲ سیر | ۱۱ سیر | | تحصیل شاہ آباد سے نقشہ نہیں آیا۔ |
| نخود خالص | ۱۳ سیر | ۰ | ۱۶ سیر | ۱۵۰۱ سیر | ۱۴۰۱ سیر | ۱۳۰۱ سیر | | |
| نخود کشتہ انیز | ۱۵ سیر | ۰ | ۰ | ۱۶۰۱ سیر | ۱۵۰۱ سیر | ۰ | | |
| کتہ | ۱۵ سیر | ۰ | ۱۷ سیر | ۰ | ۰ | ۱۴ سیر | | |
| ماش | ۱۱ سیر | ۰ | ۱۲۰۱ سیر | ۰ | ۱۱ سیر | ۱۲ سیر | | |
| مونگ | ۱۱ سیر | ۰ | ۹۰۱ سیر | ۰ | ۰ | ۱۰ سیر | | |
| مکا | ۱۵۰۱ سیر | ۰ | ۲۰ سیر | ۱۶ سیر | ۱۶ سیر | ۰ | | |
| سبجے | ۱۵ سیر | ۰ | ۱۹ سیر | ۱۶ سیر | ۱۷ سیر | ۱۵ سیر | | |
| گوجے | ۱۴ سیر | ۰ | ۱۵ سیر | ۱۴ سیر | ۱۶ سیر | ۱۴ سیر | | |
| عدس | ۱۴۰۱ سیر | ۰ | ۱۵ سیر | ۰ | ۱۷ سیر | ۱۳ سیر | | |
| ارہر | ۱۶ سیر | ۰ | ۱۶ سیر | ۰ | ۱۵ سیر | ۱۶ سیر | | |
| برنج | ۱۱۰۱ | ۰ | ۱۶۰۱ سیر | ۱۱۰۱ سیر | ۱۱ سیر | ۱۲ سیر | | |
| روغن زرد | [illegible] | ۰ | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | | |
| روغن سیاہ | [illegible] | ۰ | ۲۰۲ سیر | ۳ سیر | [illegible] | [illegible] | | |
| روغن کنجد | [illegible] | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | | |
| نمک سانبھر | ۷۰۱ سیر | ۰ | ۷ سیر | ۸ سیر | ۸ سیر | ۸ سیر | | |
| نمک لاہوری | ۷ سیر | ۰ | ۰ | ۰ | ۶ سیر | ۷ سیر | | |
| قند سیاہ | ۵ سیر | ۰ | ۴ سیر | ۳ سیر | ۴ سیر | ۶ سیر | | |

مطبع سرکار ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا۔